هُ دًا وَل لَ ذِی نَ کَ فَ رُ و بِ آیٰتِ رَب بِ هِم لَ هُم عَ ذَ ابٌ

سراسر ہدایت ہے اور وہ لوگ جنہوں نے انکار کر دیا ماننے سے اپنے رب کی آیات کو ان کے لیے ہے عذاب

مِّنْ رِّجْزٍ اَلِيْمٌ ۝۱۱ اَللّٰهُ الَّذِيْ سَخَّرَ لَكُمُ الْبَحْرَ لِتَجْرِيَ الْفُلْكُ فِيْهِ ع ۱۱ ۱۷

مِّر رِج زِن اَ لِی م اَل لَا هُ ل لَ ذِی سَخ خَ رَ ل کُ مُ ل بَح رَ ل تَج رِ ی ل فُل کُ فِی هِ

سخت دردناک ۱۱ وہ اللہ ہی ہے جس نے مسخر کیا تمہارے لیے سمندر کو تاکہ چلیں کشتیاں اس میں

بِاَمْرِهٖ وَ لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝۱۲ وَسَخَّرَ لَكُمْ

بِ اَم رِ هِی وَ لِ تَب تَ غُو مِن فَض لِ هِی وَل لَ عَل لَ کُم تَش کُ رُ ون وَسَخ خَ رَ ل کُم

اس کے حکم سے اور تاکہ تم تلاش کرو اس کا فضل اور تاکہ تم شکرگزار بنو ۱۲ اور مسخر کر دی ہیں اس نے تمہارے لیے

مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مِّنْهُ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ

مَا فِس سَ مَا وَا تِ وَ مَا فِل اَر ضِ جَ مِی عَم مِن هُ اِن نَ فِی ذَا لِ کَ لَ آ یَا تِل

وہ چیزیں جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں سب کی سب اپنی طرف سے ۔ بلاشبہ ان باتوں میں بے شمار نشانیاں ہیں

لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝۱۳ قُلْ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يَغْفِرُوْا لِلَّذِيْنَ

لِ قَا وِ مِ یَّ تَ فَ کَّ رُ ون قُل لِل لَ ذِی نَ آ مَ نُو یَغ فِ رُ و لِل لَ ذِی نَ

اُن لوگوں کے لیے جو غور و فکر کرتے ہیں ۱۳ اے نبیؐ کہہ دیجیے ان سے جو ایمان لا چکے ہیں کہ درگزر سے کام لیں ان لوگوں کے بارے میں جو

لَا يَرْجُوْنَ اَيَّامَ اللّٰهِ لِيَجْزِيَ قَوْمًا بِمَا

لَا يَرْجُوْنَ | آئی یا مَ اللّٰہ | لِ یَجْزِیَ | قَوْ مَنْ | بِ مَا

کوئی اندیشہ نہیں رکھتے اللہ کی طرف سے برے دن آنے کا۔ تاکہ خود بدلہ دے اللہ ان لوگوں کو ان اعمال کا جو

كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۱۴﴾ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ اَسَآءَ

كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ | مَنْ | عَ مِلَ | صَالِحَنْ | فَ لِ نَفْ سِہٖ | وَ مَنْ | اَسَا... ءَ

وہ کماتے رہے ﴿۱۴﴾ جو شخص کرتا ہے نیک عمل سو وہ اپنے ہی لیے کرتا ہے اور جو برے کام کرتا ہے

فَعَلَيْهَا ۣ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۵﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا

فَ عَ لَا ئی ہَا | ثُمَّ | اِلَا رَبِّ کُمْ | تُرْ جَعُوْن | وَ لَ قَدْ آتَا ئی نَا

اس کا نقصان اسی کو پہنچتا ہے۔ پھر اپنے رب کی طرف لوٹائے جاؤ گے تم ﴿۱۵﴾ اور واقعہ یہ ہے کہ عطا کی تھی ہم نے

بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ

بَ نِی... اِسْ رَا... ءِ یْ لَ | کِ تَابَ | وَ لْ حُکْ مَ | وَ نْ نُ بُوْ وَّ ۃَ | وَ رَ زَقْ نَا ہُمْ | مِ نَ طَا ئی ری بَا تِ

بنی اسرائیل کو کتاب اور حکم اور نبوت اور نوازا تھا ہم نے انہیں پاکیزہ چیزوں سے

وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶﴾ ۚ وَاٰتَيْنٰهُمْ بَيِّنٰتٍ مِّنَ الْاَمْرِ ۚ

وَ فَضْ ضَلْ نَا ہُمْ | عَ لَل عَا لَ مِی نَ | وَ آتَا ئی نَا ہُمْ | بَا ئی ری نَا تِ | مِ نَل آ مْ رِ

اور فضیلت دی تھی ہم نے انہیں دنیا بھر کے لوگوں پر ﴿۱۶﴾ اور دی تھیں ہم نے انہیں واضح ہدایات دین کے معاملہ میں۔

فَمَا اخْتَلَفُوْٓا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ ۙ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ۭ اِنَّ

فَ مَخْ تَ لَ فُو... | اِلَا | مِ مْ بَ عْ دِ | مَا جَا... ءَ هُ مُل | عِل مُ | بَغْ یَم بَا ئی نَ ہُم | اِ نَ نَ

سو نہیں اختلاف کیا انہوں نے باہم مگر اس کے بعد کہ آگیا تھا ان کے پاس علم ایک دوسرے کی ضد میں۔ بلاشبہ

رَبَّكَ يَقْضِيْ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۷﴾ ثُمَّ

رَ بْ بَ کَ | یَقْ ضِی | بَا ئی نَ ہُم | یَا وْ مَل قِ یَا مَ تِ | فِی مَا | کَا نُو فِی ہِ یَخْ تَ لِ فُو نَ | ثُمَّ

تیرا رب فیصلہ فرمائے گا ان کے درمیان قیامت کے دن ان معاملات کا جن میں وہ اختلاف کرتے رہے ﴿۱۷﴾ اس کے بعد

جَعَلْنٰكَ عَلٰى شَرِيْعَةٍ مِّنَ الْاَمْرِ فَاتَّبِعْهَا وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَ الَّذِيْنَ

جَ عَل نَا کَ | عَ لَا شَ رِی عَ تِ مِ | مِ نَل آ مْ رِ | فَتْ تَ بِ عْ هَا | وَ لَا تَتْ تَ بِعْ | آ ہْ وَا... ءَ لَ لَ ذِی نَ

اے نبیؐ قائم کیا ہے ہم نے تمہیں ایک کھلے راستے پر دین کے معاملہ میں۔ سو تم اسی پر چلو اور نہ اتباع کرو ان لوگوں کی خواہشات کا

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸﴾ اِنَّهُمْ لَنْ يُّغْنُوْا عَنْكَ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ؕ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ

لَا يَعْلَمُوْنَ اِنَّهُمْ لَنْ يُّغْنُوْا عَنْكَ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ

جو علم نہیں رکھتے ﴿۱۸﴾ یقیناً یہ لوگ کچھ کام نہیں آسکتے تمہارے اللہ کے مقابلہ میں ذرا بھی۔ اور بے شک ظالم لوگ

بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۚ وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۹﴾ هٰذَا بَصَآئِرُ لِلنَّاسِ

بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُتَّقِيْنَ هٰذَا بَصَآئِرُ لِلنَّاسِ

باہم ایک دوسرے کے ساتھی ہیں اور اللہ حامی و مددگار ہے متقیوں کا ﴿۱۹﴾ یہ بصیرت کی روشنیاں ہیں سب انسانوں کے لیے

وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿۲۰﴾ اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ اجْتَرَحُوا

وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ اجْتَرَحُوا

اور ہدایت و رحمت ہے ان لوگوں کے لیے جو یقین رکھتے ہیں ﴿۲۰﴾ کیا سمجھے بیٹھے ہیں وہ لوگ جنہوں نے ارتکاب کیا ہے

السَّيِّاٰتِ اَنْ نَّجْعَلَهُمْ كَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ سَوَآءً

السَّيِّاٰتِ اَنْ نَّجْعَلَهُمْ كَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَوَآءً

برائیوں کا کہ ہم کر دیں گے انہیں مانند ان لوگوں کے جو ایمان لائے اور کیے جنہوں نے نیک عمل کہ یکساں ہو جائے

مَّحْيَاهُمْ وَمَمَاتُهُمْ ؕ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَخَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ ع ۲ ۱۸

مَّحْيَاهُمْ وَمَمَاتُهُمْ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ وَخَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ

ان دونوں گروہوں کی زندگی اور موت؟ بہت برا ہے وہ حکم جو یہ لگاتے ہیں ﴿۲۱﴾ اور پیدا فرمایا ہے اللہ نے آسمانوں کو

وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَلِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۢ بِمَا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۲۲﴾

وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَلِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۢ بِمَا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ

اور زمین کو برحق اور اس لیے کہ بدلہ دیا جائے ہر متنفس کو اس کی کمائی کا اور لوگوں پر ہرگز ظلم نہ کیا جائے گا ﴿۲۲﴾

اَفَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ وَاَضَلَّهُ اللّٰهُ

اَفَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ وَاَضَلَّهُ اللّٰهُ

کیا پھر غور کیا ہے تم نے اس شخص کے حال پر جس نے بنا لیا ہے اپنا معبود اپنی خواہش نفس کو اور گمراہ کر دیا ہے اُسے اللہ نے

عَلٰى عِلْمٍ وَّخَتَمَ عَلٰى سَمْعِهٖ وَقَلْبِهٖ وَجَعَلَ عَلٰى بَصَرِهٖ غِشٰوَةً ؕ فَمَنْ

عَلٰى عِلْمٍ وَّخَتَمَ عَلٰى سَمْعِهٖ وَقَلْبِهٖ وَجَعَلَ عَلٰى بَصَرِهٖ غِشٰوَةً فَمَنْ

علم کے باوجود اور مہر لگا دی ہے اس کے کانوں پر اور دل پر اور ڈال دیا ہے اس کی آنکھوں پر پردہ؟ سو کون ہے جو

يَّهْدِيْهِ مِنْۢ بَعْدِ اللّٰهِ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۳﴾ وَقَالُوْا مَا

یہ دی ہ م ع د ل لاہ آف لا ت ذ ک ک ر ون وَقَالُو تا

ہدایت دے اسے اللہ کے (گمراہ کر دینے کے) بعد؟ کیا تم لوگ کوئی سبق نہیں لیتے؟ ﴿۲۳﴾ اور کہتے ہیں یہ لوگ کہ نہیں

هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوْتُ وَنَحْيَا وَمَا يُهْلِكُنَآ اِلَّا الدَّهْرُ ۚ

ہی اِل لا ح یا ت ن د ن یا ن مُو ت وَ ن یا وَ مَا یُ ہ لِ کُ نا اِل لد د ہ ر

ہے زندگی مگر یہی ہماری دنیاوی زندگی۔ (یہیں) مرتے ہیں ہم اور زندہ رہتے ہیں اور نہیں ہلاک کرتی ہمیں مگر گردشِ ایام۔

وَمَا لَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ۚ اِنْ هُمْ اِلَّا يَظُنُّوْنَ ﴿۲۴﴾ وَاِذَا تُتْلٰى

وَ مَا ل ہُم بِ ذَا لِ ک م ن ع ل م اِن ہُم اِل لا یَ ظُن نُون وَاِذَا تُت لٰ

حالانکہ نہیں ہے انہیں اس بات کا ذرا بھی علم۔ یہ محض گمان سے کام لیتے ہیں ﴿۲۴﴾ اور جب پڑھ کر سنائی جاتی ہیں

عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ مَّا كَانَ حُجَّتَهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوا ائْتُوْا بِاٰبَآئِنَآ

ع لَ ی ہِم آ یا تُ نا بَ یِّ نا تِ م ا کَ ا ن حُ جَّ تَ ہُم اِل لا.. اَ ن قَا لُ ×تُو بِ آ با...ءِ نا..

انہیں ہماری واضح آیات تو نہیں ہوتی ہے ان کی حجت مگر یہ کہ کہتے ہیں کہ اٹھالاؤ ہمارے باپ دادا کو،

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۲۵﴾ قُلِ اللّٰهُ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ

اِن کُن تُم صَا دِ قِی ن قُ لِل لَا ہُ یُ حِ یِی کُم ثُم مَ یُ مِی تُ کُم ثُم مَ

اگر ہو تم سچے ﴿۲۵﴾ ان سے کہیے اللہ ہی زندگی بخشتا ہے تمہیں پھر وہی تمہیں موت دیتا ہے پھر

يَجْمَعُكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ

یَ جمَ عُ کُم اِلَا یَ وۡ مِل قِ یَا مَ تِ لَا رَ ی بَ فِی ہِ وَلَا کِن نَ اَ کۡ ثَ رَ ن نَا س

وہی جمع کرے گا تمہیں قیامت کے دن، کہ نہیں ہے کوئی شک اس کے آنے میں مگر اکثر انسان

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۶﴾ ع وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَيَوْمَ تَقُوْمُ

لَا یَ عۡ لَ مُون وَ لِل لَا ہِ مُل کُس سَ ما وَا تِ وَل اَرۡ ض وَ یَا وۡ مَ تَ قُ مُس

نہیں جانتے ﴿۲۶﴾ اور اللہ ہی کے لیے ہے بادشاہی آسمانوں کی اور زمین کی۔ اور جس دن آ کھڑی ہوگی

السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ يَّخْسَرُ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۲۷﴾ وَتَرٰى كُلَّ اُمَّةٍ جَاثِيَةً ۚ قف

سَا عَ تُ یَا وۡ مَ ءِ ذِ ی یَّ خۡ سَ رُ ل مُب طِ لُون وَ تَ رَا کُل لَ اُم مَ تِن جَا ثِ یَ تَن

گھڑی قیامت کی اس دن خسارے میں پڑ جائیں گے باطل پرست لوگ ﴿۲۷﴾ اور دیکھو گے تم ہر گروہ کو گھٹنوں کے بل گرا ہوا۔

كُلُّ اُمَّةٍ تُدْعٰٓى اِلٰى كِتٰبِهَا ؕ اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۸﴾

كُلَّ اُمَّتٍ تُدْعَا.. اِلَا كِتَابِهَا اَلْيَوْمَ . تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ

ہر گروہ کو پکارا جائے گا کہ آئے اور اپنا اعمال نامہ دیکھے۔ آج بدلہ دیا جائے گا تمہیں ان اعمال کا جو تم کرتے رہے ﴿۲۸﴾

هٰذَا كِتٰبُنَا يَنْطِقُ عَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ ؕ اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ

هَاذَا كِتَابُنَا يَنْطِقُ عَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ

یہ ہے ہماری تحریر جو گواہی دے رہی ہے تمہارے اوپر بالکل ٹھیک ٹھیک۔ یقیناً ہم لکھواتے جا رہے تھے

مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۹﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُدْخِلُهُمْ

مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فَيُدْخِلُهُمْ

وہ تمام اعمال جو تم کیا کرتے تھے ﴿۲۹﴾ پھر وہ لوگ جو ایمان لائے اور کیے انہوں نے نیک عمل سو داخل کرے گا انہیں تو

رَبُّهُمْ فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ ﴿۳۰﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۣ

رَبُّهُمْ فِيْ رَحْمَتِهٖ ذَالِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

ان کا رب اپنی رحمت میں۔ یہی ہے کھلی کامیابی ﴿۳۰﴾ رہے وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا۔(ان سے کہا جائے گا) :

اَفَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَاسْتَكْبَرْتُمْ وَكُنْتُمْ قَوْمًا

اَفَلَمْ تَكُنْ اٰيَاتِيْ تُتْلَا عَلَيْكُمْ فَاسْتَكْبَرْتُمْ وَكُنْتُمْ قَوْمًا

کیا یہ حقیقت نہیں ہے کہ میری آیات پڑھی جاتی تھیں تمہارے سامنے اور تم تکبر کیا کرتے تھے۔ اور بن کر رہے تم لوگ

مُّجْرِمِيْنَ ﴿۳۱﴾ وَاِذَا قِيْلَ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّالسَّاعَةُ لَا رَيْبَ

مُجْرِمِيْنَ وَاِذَا قِيْلَ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّالسَّاعَةُ لَا رَيْبَ

مجرم ﴿۳۱﴾ اور جب کہا جاتا تھا کہ اللہ کا وعدہ سچا ہے اور قیامت، نہیں ہے کچھ شک

فِيْهَا قُلْتُمْ مَّا نَدْرِيْ مَا السَّاعَةُ ۙ اِنْ نَّظُنُّ اِلَّا ظَنًّا

فِيْهَا قُلْتُمْ مَا نَدْرِيْ مَا السَّاعَةُ اِنْ نَظُنُّ اِلَا ظَنًّا

اس کے آنے میں۔ تو تم کہتے تھے ہم نہیں جانتے کہ قیامت کیا ہے؟ ہمیں تو بس ایک گمان سا گزرتا تھا

وَّمَا نَحْنُ بِمُسْتَيْقِنِيْنَ ﴿۳۲﴾ وَبَدَا لَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا عَمِلُوْا وَحَاقَ

وَمَا نَحْنُ بِمُسْتَيْقِنِيْنَ وَبَدَا لَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا عَمِلُوْا وَحَاقَ

اور ہم کوئی بات یقین سے نہیں کہہ سکتے تھے ﴿۳۲﴾ اور کھل جائیں گی ان پر برائیاں ان کے اعمال کی اور مسلط ہو جائے گی

بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَقِيْلَ الْيَوْمَ نَنْسٰىكُمْ كَمَا

بِہِم مَا كَانُوا بِهٖ يَستَهزِءُونَ وَقِيلَ اليَومَ نَنسٰكُم كَمَا

ان پر وہی چیز جس کا وہ مذاق اڑایا کرتے تھے ﴿۳۳﴾ اور کہا جائے گا آج بھلائے دیتے ہیں ہم تمہیں اسی طرح

نَسِيْتُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا وَمَاْوٰىكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۳۴﴾

نَسِيتُم لِقَاءَ يَومِكُم هٰذَا وَمَاوٰكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُم مِّن نّٰصِرِينَ

جیسے تم بھول گئے تھے اپنے اس دن کی پیشی کو اور تمہارا ٹھکانا جہنم ہے اور نہیں ہوگا تمہارا کوئی مددگار ﴿۳۴﴾

ذٰلِكُمْ بِاَنَّكُمُ اتَّخَذْتُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا وَّغَرَّتْكُمُ

ذٰلِكُم بِاَنَّكُمُ اتَّخَذتُم اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا وَّغَرَّتكُمُ

تمہارا یہ انجام اس بنا پر ہے کہ بنالیا تھا تم نے اللہ کی آیات کو مذاق اور دھوکے میں ڈال دیا تھا تم کو

الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۚ فَالْيَوْمَ لَا يُخْرَجُوْنَ مِنْهَا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿۳۵﴾

الحَيٰوةُ الدُّنيَا فَاليَومَ لَا يُخرَجُونَ مِنهَا وَلَا هُم يُستَعتَبُونَ

دنیاوی زندگی نے سو اس دن نہ نکالے جائیں گے وہ جہنم میں سے اور نہ ان کی توبہ قبول کی جائے گی ﴿۳۵﴾

فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ

فَلِلّٰهِ الحَمدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الاَرضِ رَبِّ

سو اللہ ہی کے لیے ہے تمام حمد و شکر جو مالک ہے آسمانوں کا اور رب ہے زمین کا، وہی پروردگار ہے

الْعٰلَمِيْنَ ﴿۳۶﴾ وَلَهُ الْكِبْرِيَآءُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ

العٰلَمِينَ وَلَهُ الكِبرِيَاءُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالاَرضِ وَهُوَ العَزِيزُ

سارے جہان والوں کا ﴿۳۶﴾ اسی کو سزاوار ہے بڑائی آسمانوں میں اور زمین میں اور وہ ہے زبردست

الْحَكِيْمُ ﴿۳۷﴾ ع

الحَكِيمُ

اور بڑی حکمت والا ﴿۳۷﴾

اٰیَاتُهَا ۳۵ | سُوْرَةُ الْاَحْقَافِ مَكِّيَّةٌ (۴۶) | رُكُوْعَاتُهَا ۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بِسْ مِلْ لَاہِرْ رَحْ مَانِ رَحِی م

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے

حٰمٓ ① تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ②

حَا مِی... م تَنْ زِی لُلْ کِ تَابِ مِ نَلْ لَاہِلْ عَ زِی زِ لْ حَ کِی م

حا-میم ① نازل کی جارہی ہے یہ کتاب اللہ کی طرف سے جو ہے زبردست اور بڑی حکمت والا ②

مَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ

مَا خَ لَقْ نَسَّ مَا وَاتِ وَلْ اَرْ ضَ وَ مَا بَا ئِ نَ ہُ مَا.. اِلْ لَا بِلْ حَقْ قِ

نہیں پیدا فرمایا ہم نے آسمانوں کو اور زمین کو اور ان چیزوں کو جو ان دونوں کے درمیان ہیں مگر برحق،

وَاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَمَّآ اُنْذِرُوْا

وَ آ جَ لِمْ مُ سَمْ مَ نْ وَلْ لَ ذِی نَ کَ فَ رُو عَمْ مَا.. اُن ذِ رُو

اور ایک وقت مقرر کے لیے لیکن وہ لوگ جنہوں نے انکار کر دیا ہے ماننے سے اس (حقیقت) کے جس سے انہیں ڈرایا جا رہا ہے

مُعْرِضُوْنَ ③ قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَرُوْنِيْ

مُ عْ رِ ضُ ون قُلْ آ رَ آ ئِ تُمْ مَا تَ دْ عُ ونَ مِ نْ دُ وْ نِلْ لَا ہِ آ رُ وْ نِی

وہ منہ موڑے ہوئے ہیں ③ (اے نبی) ان سے کہو! کبھی تم نے سوچا کہ یہ جنہیں تم پکارتے ہو اللہ کے سوا، مجھے دکھاؤ

مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمٰوٰتِ ؕ اِيْتُوْنِيْ بِكِتٰبٍ

مَا ذَا خَ لَ قُ وْ مِ نَلْ اَرْ ضِ اَمْ لَ ہُمْ شِرْ کُنْ فِسْ سَ مَا وَاتِ اِی تُو نِی بِ کِ تَا بِ

کیا پیدا کیا ہے انہوں نے زمین میں یا ہے ان کی کوئی شرکت آسمانوں (کی تخلیق و تدبیر) میں؟ لاؤ میرے پاس کوئی کتاب

مِّنْ قَبْلِ هٰذَآ اَوْ اَثٰرَةٍ مِّنْ عِلْمٍ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ④ وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ

مِ نْ قَ بْ لِ ہَا ذَا.. آ وْ آ ثَا رَ تِمْ مِ نْ عِلْ مِ نْ اِنْ کُ نْ تُمْ صَا دِ قِی نَ وَ مَنْ اَ ضَلْ لُ مِ مَّ نْ

جو آئی ہو اس سے پہلے یا کوئی علمی روایت (بطورِ ثبوت) اگر ہو تم سچے ④ اور کون زیادہ گمراہ ہے اس شخص سے جو

يَّدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَنْ لَّا يَسْتَجِيْبُ لَهٗٓ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَهُمْ

يَدْعُو مِن دُونِ اللَّهِ مَن لَّا يَسْتَجِيبُ لَهُ.. إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَهُمْ

پکارے اللہ کے سوا انہیں جو نہیں جواب دے سکتے اسے قیامت تک بلکہ وہ تو

عَنْ دُعَآىِٕهِمْ غٰفِلُوْنَ ۝۵ وَاِذَا حُشِرَ النَّاسُ كَانُوْا لَهُمْ اَعْدَآءً وَّكَانُوْا

عَن دُعَائِهِمْ غَافِلُونَ ۝۵ وَإِذَا حُشِرَ النَّاسُ كَانُوا لَهُمْ أَعْدَاءً وَكَانُوا

ان کی پکار سے بھی بے خبر ہیں ۝۵ اور جب اکٹھے کیے جائیں گے سب انسان تو ہوں گے یہ (معبود) ان کے دشمن اور ہو جائیں گے

بِعِبَادَتِهِمْ كٰفِرِيْنَ ۝۶ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالَ

بِعِبَادَتِهِمْ كَافِرِينَ ۝۶ وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ قَالَ

ان کی عبادت سے منکر ۝۶ اور جب سنائی جاتی ہیں ان کو ہماری آیات جو صاف اور واضح ہیں تو کہتے ہیں

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ ۙ هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝۷ ؕ

الَّذِينَ كَفَرُوا لِلْحَقِّ لَمَّا جَاءَهُمْ هَٰذَا سِحْرٌ مُّبِينٌ ۝۷

یہ لوگ جنہوں نے کفر کیا ہے حق کے بارے میں، جب بھی وہ ان کے سامنے آتا ہے: کہ یہ کھلا جادو ہے ۝۷

اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ اِنِ افْتَرَيْتُهٗ فَلَا تَمْلِكُوْنَ

أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ ۖ قُلْ إِنِ افْتَرَيْتُهُ فَلَا تَمْلِكُونَ

کیا یہ کہتے ہیں کہ خود گھڑ لیا ہے اس رسول نے یہ قرآن ان سے کہیے اگر خود گھڑ لیا ہے میں نے اسے تو نہیں بچا سکو گے تم

لِيْ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ؕ هُوَ اَعْلَمُ بِمَا تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ ؕ كَفٰى بِهٖ شَهِيْدًا

لِي مِنَ اللَّهِ شَيْئًا ۖ هُوَ أَعْلَمُ بِمَا تُفِيضُونَ فِيهِ ۖ كَفَىٰ بِهِ شَهِيدًا

مجھے اللہ کی پکڑ سے ذرا بھی۔ وہ بہتر جانتا ہے ان باتوں کو جو تم بنا رہے ہو اس کے بارے میں۔ کافی ہے اللہ کی گواہی

بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ؕ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝۸ قُلْ مَا كُنْتُ

بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ ۖ وَهُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ ۝۸ قُلْ مَا كُنْتُ

میرے اور تمہارے درمیان۔ اور وہی ہے معاف فرمانے والا اور ہر حال میں رحم کرنے والا ۝۸ ان سے کہیے، نہیں ہوں میں

بِدْعًا مِّنَ الرُّسُلِ وَمَآ اَدْرِيْ مَا يُفْعَلُ بِيْ وَلَا بِكُمْ ؕ

بِدْعًا مِّنَ الرُّسُلِ وَمَا أَدْرِي مَا يُفْعَلُ بِي وَلَا بِكُمْ ۖ

کوئی نرالا رسول اور مجھے نہیں معلوم کہ کیا کیا جائے گا میرے ساتھ اور نہ (وہ جو کیا جائے گا) تمہارے ساتھ؟

اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ وَمَآ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ⑨

اِنْ اَتَّ بِعُ اِلَّا مَا يُوْحَا.. اِلَّا رُ يَّ وَمَا.. اَنَ اِلَّا نَ ذِيْ رُمْ مُ بِيْ نُ

نہیں پیروی کرتا میں مگر اس وحی کو جو بھیجی جاتی ہے میری طرف اور نہیں ہوں میں مگر صاف صاف خبردار کرنے والا ⑨

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَكَفَرْتُمْ بِهٖ

قُ لْ اَ رَ اَ يْ تُ مْ اِ نْ كَا نَ مِ نْ عِ نْ دِ لْ لَا هِ وَ كَ فَ رْ تُ مْ بِ هِ

ان سے کہیے کبھی تم نے سوچا کہ اگر ہوا یہ اللہ کی طرف سے اور انکار کر دیا تم نے اس کا (تو تمہارا انجام کیا ہوگا؟)

وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ عَلٰى مِثْلِهٖ فَاٰمَنَ وَاسْتَكْبَرْتُمْ ۭ

وَ شَ هِ دَ شَا هِ دُ مِّ مِ بَ نِ.. اِسْ رَا.. ءِ يْ لَ عَ لَا مِ ثْ لِ هِ فَ آ مَ نَ وَ سْ تَ كْ بَ رْ تُ مْ

جبکہ گواہی دے چکا ہے ایک گواہ بنی اسرائیل میں سے اسی جیسے کلام پر چنانچہ وہ ایمان لے آیا مگر تم اپنے گھمنڈ میں پڑے رہے

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ⑩ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ ع ۱۰

اِ نَّ لْ لَا هَ لَا يَ هْ دِ لْ قَ وْ مَ ظْ ظَا لِ مِ نَ وَ قَا لَ لَّ ذِ يْ نَ كَ فَ رُ وْ لِ لَّ ذِ يْ نَ

بلاشبہ اللہ نہیں راہ دکھاتا ظالم لوگوں کو ⑩ اور کہتے ہیں یہ لوگ جنہوں نے ماننے سے انکار کر دیا ہے ان لوگوں سے جو

اٰمَنُوْا لَوْ كَانَ خَيْرًا مَّا سَبَقُوْنَآ اِلَيْهِ ۭ وَاِذْ لَمْ يَهْتَدُوْا بِهٖ

آ مَ نُ وْ لَ وْ كَا نَ خَ يْ رَ نِ مَّا سَ بَ قُ وْ نَا.. اِلَا رِ يْ هِ وَ اِ ذْ لَ مْ يَ هْ تَ دُ وْ بِ هِ

ایمان لے آئے ہیں کہ اگر ہوتا یہ کوئی اچھا کام تو نہ سبقت لے جاتے یہ لوگ ہم پر۔ اب چونکہ یہ نہ ہدایت پا سکے اس سے

فَسَيَقُوْلُوْنَ هٰذَآ اِفْكٌ قَدِيْمٌ ⑪ وَمِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا وَّرَحْمَةً ۭ

فَ سَ يَ قُ وْ لُ وْ نَ هَا ذَا.. اِ فْ كُ نْ قَ دِ يْ مُ وَ مِ نْ قَ بْ لِ هِ كِ تَا بُ مُ وْ سَا.. اِ مَا مَ نْ وَ رَ حْ مَ تَ

تو ضرور کہیں گے: یہ تو پرانی من گھڑت باتیں ہیں ⑪ حالانکہ اس سے پہلے (آچکی ہے) موسیٰؑ کی کتاب رہنما اور رحمت بن کر

وَهٰذَا كِتٰبٌ مُّصَدِّقٌ لِّسَانًا عَرَبِيًّا لِّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۠ ع ۱۱

وَ هَا ذَا كِ تَا بُ مُ صَ دِّ قُ لِّ سَا نَ عَ رَ بِ يَّ لِّ يُ نْ ذِ رَ لَّ ذِ يْ نَ ظَ لَ مُ وْ

اور یہ کتاب تصدیق کر رہی ہے (اس کی)، (اور نازل کی گئی ہے) زبانِ عربی میں تاکہ متنبہ کرے ان لوگوں کو جو ظلم کر رہے ہیں

وَبُشْرٰى لِلْمُحْسِنِيْنَ ⑫ ج اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا

وَ بُ شْ رَا لِ لْ مُ حْ سِ نِ يْ نَ اِ نَّ لَّ ذِ يْ نَ قَا لُ وْ رَ بُّ نَ لَا هُ ثُ مَّ مُ سْ تَ قَا مُ وْ

اور بشارت دے اچھا اور معیاری کام کرنے والوں کو ⑫ یقیناً وہ لوگ جنہوں نے کہا ہمارا رب تو اللہ ہے پھر جم گئے (اس پر)

فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۱۳﴾ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ

فَ لَا خَ وْ فٌ عَ لَ يْ هِ مْ وَ لَا هُ مْ يَ حْ زَ نُ وْ نَ اُ لَا ئِ كَ اَ صْ حَا بُ لْ جَ نَّ تِ خَا لِ دِ يْ نَ فِ يْ هَا

تو نہیں ہے کوئی خوف ان کے لیے اور نہ وہ غمگین ہوں گے ﴿۱۳﴾ ایسے لوگ جنتی ہیں جو ہمیشہ رہیں گے اس میں۔

جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴﴾ وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ اِحْسٰنًا ؕ

جَ زَا ءَ م بِ مَا كَا نُ وْ يَ عْ مَ لُ وْ نَ وَ وَ صَّ يْ نَ لْ اِ نْ سَا نَ بِ وَا لِ دَ يْ هِ اِ حْ سَا نَا

بدلے میں ان اعمال کے جو وہ کرتے رہے ﴿۱۴﴾ اور ہدایت کی ہے ہم نے انسان کو اپنے والدین کے ساتھ اچھے سلوک کی

حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ كُرْهًا وَّوَضَعَتْهُ كُرْهًا ؕ وَحَمْلُهٗ

حَ مَ لَ تْ هُ اُ مُّ هُ كُ رْ هًا وَ وَ ضَ عَ تْ هُ كُ رْ هًا وَ حَ مْ لُ هُ

اٹھائے رکھا اسے (اپنے پیٹ میں) اس کی ماں نے مشقت اٹھا کر اور جنا بھی اسے مشقت اٹھا کر اور اس کے حمل

وَفِصٰلُهٗ ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا ؕ حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَبَلَغَ اَرْبَعِيْنَ

وَ فِ صَا لُ هُ ثَ لَا ثُ وْ نَ شَ هْ رًا حَ تَّا اِ ذَا بَ لَ غَ اَ شُ دَّ هُ وَ بَ لَ غَ اَ رْ بَ عِ يْ نَ

اور دودھ چھڑانے میں لگ گئے تیس مہینے۔ یہاں تک کہ جب پہنچ گیا وہ اپنی پوری طاقت کو اور ہو گیا چالیس

سَنَةً ۙ قَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ

سَ نَ تً قَا لَ رَ بِّ اَ وْ زِ عْ نِ يْ اَ نْ اَ شْ كُ رَ نِ عْ مَ تَ كَ لَّ تِ يْ اَ نْ عَ مْ تَ

سال کا تو دعا کی اس نے! اے میرے رب! تو مجھے توفیق دے کہ میں شکر ادا کرتا رہوں تیری ان نعمتوں کا جو تو نے عطا فرمائی ہیں

عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَصْلِحْ لِيْ

عَ لَ يَّ وَ عَ لَا وَا لِ دَ يَّ وَ اَ نْ اَ عْ مَ لَ صَا لِ حً تَ رْ ضَا هُ وَ اَ صْ لِ حْ لِ يْ

مجھے اور میرے والدین کو اور (توفیق دے) کہ کروں میں نیک عمل جن سے تو راضی ہو اور صالح بنا دے میری خاطر

فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ۚ اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۱۵﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ

فِ يْ ذُ رِّ يَّ تِ يْ اِ نِّ يْ تُ بْ تُ اِ لَ يْ كَ وَ اِ نِّ يْ مِ نَ لْ مُ سْ لِ مِ يْ نَ اُ لَا ئِ كَ لَّ ذِ يْ نَ

میری اولاد کو۔ میں توبہ کرتا ہوں تیرے حضور اور بلاشبہ میں ہوں فرمانبرداروں میں سے ﴿۱۵﴾ یہ وہ لوگ ہیں

نَتَقَبَّلُ عَنْهُمْ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَنَتَجَاوَزُ عَنْ سَيِّاٰتِهِمْ

نَ تَ قَ بَّ لُ عَ نْ هُ مْ اَ حْ سَ نَ مَا عَ مِ لُ وْ وَ نَ تَ جَا وَ زُ عَ نْ سَ يِّ ا تِ هِ مْ

کہ قبول فرما لیتے ہیں ہم ان کے وہ اچھے اعمال جو انہوں نے کیے اور درگزر کرتے ہیں ان کی برائیوں سے،

فِيْٓ اَصْحٰبِ الْجَنَّةِ ؕ وَعْدَ الصِّدْقِ الَّذِيْ كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ﴿۱۶﴾ وَالَّذِيْ قَالَ لِوَالِدَيْهِ

رِفی..آص حَابِل جَن نَہ وَع دَص صِدقِل لَ ذِی گَانُو یُوعَ دُون وَل لَ ذِی قَالَ رِل وَالِ دَارِ ہِ

شامل ہوں گے یہ اہلِ جنت میں۔ یہ سچا وعدہ ہے جو ان سے کیا جارہا ہے ﴿۱۶﴾ اور وہ شخص جو کہتا ہے اپنے والدین سے

اُفٍّ لَّكُمَآ اَتَعِدٰنِنِيْٓ اَنْ اُخْرَجَ وَقَدْ خَلَتِ

اُف فِل لَ کُ مَا.. آتَ عِ دَا نِ نِی.. آن اُخ رَج وَقَد خَل تِل

کہ میں بیزار ہوں تم سے کیا تم مجھے خوف دلاتے ہو اس بات سے کہ میں نکالا جاؤں گا (قبر سے مرنے کے بعد) حالانکہ گزر چکی ہیں

الْقُرُوْنُ مِنْ قَبْلِيْ ۚ وَهُمَا يَسْتَغِيْثٰنِ اللّٰهَ وَيْلَكَ

قُ رُونُ مِن قَب لِی وَ ہُ مَا یَس تَ غِی ثَا نِل لَاہَ وَا ئِی لَ کَ

بہت سی نسلیں مجھ سے پہلے (ان میں سے کوئی نہیں اٹھا) اور ماں باپ اللہ کی دہائی دے کر کہتے ہیں! ارے بدنصیب!

اٰمِنْ ۖ قف اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ۚ فَيَقُوْلُ مَا هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۷﴾

آ مِن اِن نَ وَع دَل لَاہِ حَق قِ فَ یَ قُو لُ مَا ہَا ذَا.. اِل لَا.. آ سَا طِی رُل آ وَ رَ لِی ن

ایمان لے آ۔ اور جان لے کہ اللہ کا وعدہ سچا ہے مگر وہ کہتا ہے کہ نہیں ہیں یہ باتیں مگر کہانیاں اگلے وقتوں کی ﴿۱۷﴾

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ

اُلَآ... ءِ کَل لَ ذِی نَ حَق قَ عَ لَا رِی ہِ مُل قَاوْ لُ رِی.. اُم مِ مِن قَد خَل تَ مِن قَب لِ ہِم

یہ وہ لوگ ہیں کہ چسپاں ہو چکا ہے جن پر فیصلہ عذاب کا اور شامل ہو گئے ہیں ان امتوں میں جو گزر چکی ہیں ان سے پہلے،

مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿۱۸﴾ وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ

مِ نَل جِن نِ وَل اِن اِن سِ اِن نَ ہُم گَا نُو خَا سِ رِی ن وَ لِ کُل لِن دَ رَ جَا تُم

جنوں اور انسانوں کی۔ یقیناً وہ تھے ہی گھاٹا اٹھانے والے ﴿۱۸﴾ اور ہر ایک کے لیے ہیں درجے

مِّمَّا عَمِلُوْا ۚ وَلِيُوَفِّيَهُمْ اَعْمَالَهُمْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَيَوْمَ

مِم مَا عَ مِ لُو وَ لِ یُ وَف فِ یَ ہُم آ عْ مَا لَ ہُم وَ ہُم لَا یُظ لَ مُون وَ یَا وْ مَ

ان کے اعمال کے مطابق اور ضرور پورا پورا بدلہ دیا جائے گا ان کے اعمال کا اور ان پر ہرگز ظلم نہ کیا جائے گا ﴿۱۹﴾ اور جس دن

يُعْرَضُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَلَى النَّارِ ؕ اَذْهَبْتُمْ طَيِّبٰتِكُمْ

یُع رَ ضُل لَ ذِی نَ کَ فَ رُو عَ لَن نَار آ ذ ہَب تُم طَا ئِی بَا تِ کُم

لا کھڑے کیے جائیں گے وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا آگ پر۔ تو ان سے کہا جائے گا ختم کر دی تم نے اپنے حصے کی نعمتیں

فِيْ حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا وَاسْتَمْتَعْتُمْ بِهَا ۚ فَالْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ

فی حیٰ تکمُ دُنیا وَسْ تَمْ تَعْ تُمْ بِہَا فَلْ یَوْمَ تُجْ زَوْنَ عَ ذَابَلْ ہُوْنِ

اپنی دنیا کی زندگی میں ہی اور خوب لطف اٹھایا ان سے لہٰذا آج بدلے میں دیا جائے گا تمہیں ذلت کا عذاب

بِمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ تَفْسُقُوْنَ ﴿۲۰﴾ ع ۲

بِ مَا کُنْ تُمْ تَسْ تَکْ بِرُوْنَ فِلْ اَرْضِ بِ غَ یْرِلْ حَقْ قِ وَ بِ مَا کُنْ تُمْ تَفْ سُ قُوْنَ

اس بنا پر کہ تم بڑے بن بیٹھے تھے زمین میں بغیر کسی حق کے اور اس وجہ سے کہ تم نافرمانیاں کیا کرتے تھے ﴿۲۰﴾

وَاذْكُرْ اَخَا عَادٍ ؕ اِذْ اَنْذَرَ قَوْمَهٗ بِالْاَحْقَافِ وَقَدْ

وَذْ کُرْ اَخَا عَادْ اِذْ اَنْ ذَرَ قَوْ مَہُ بِلْ اَحْ قَافِ وَقَدْ

اور سناؤ انہیں قصہ عاد کے بھائی (ہودؑ) کا۔ جب متنبہ کیا اس نے اپنی قوم کو سرزمینِ احقاف میں ــــ جبکہ

خَلَتِ النُّذُرُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖۤ اَلَّا تَعْبُدُوْۤا

خَ لَ تِنْ نُ ذُرُ مِ م بَا ئَ یْ دِ یْ ہِ وَ مِ م خَلْ فِ ہِ.. اَلْ لَا تَعْ بُ دُوْ..

گزر چکے تھے متنبہ کرنے والے ان سے پہلے بھی اور (آتے رہے) اس کے بعد بھی ــــ کہ نہ عبادت کرو تم کسی کی

اِلَّا اللّٰهَ ؕ اِنِّيْۤ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۲۱﴾ قَالُوْۤا

اِلْ لَلّٰ ہَ اِ نِّ یْ.. اَ خَافُ عَ لَ یْ کُمْ عَ ذَابَ یَوْ مِ عَ ظِ یْ مِ قَالُوْ..

سوائے اللہ کے۔ مجھے اندیشہ ہے تمہارے بارے میں ایک ہولناک دن کے عذاب کا ﴿۲۱﴾ انہوں نے کہا

اَجِئْتَنَا لِتَاْفِكَنَا عَنْ اٰلِهَتِنَا ۚ فَاْتِنَا بِمَا

اَ جِ ئْ تَ نَا لِ تَ اْ فِ کَ نَا عَنْ اٰ لِ ہَ تِ نَا فَ اْ تِ نَا بِ مَا

کیا تم آئے ہو اس لیے کہ برگشتہ کر دو ہمیں بہکا کر ہمارے معبودوں سے۔ اچھا تو لے آؤ ہم پر وہ (عذاب) جس سے

تَعِدُنَاۤ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۲۲﴾ قَالَ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ۫

تَ عِ دُ نَ اِنْ کُنْ تَ مِ نَ صْ صَا دِ قِ یْ نَ قَالَ اِ نَّ مَلْ عِ لْ مُ عِنْ دَلْ لَا ہِ

تم ڈراتے ہو ہمیں اگر ہو تم سچے ﴿۲۲﴾ انہوں نے جواب دیا کہ بس اس کا علم تو اللہ ہی کو ہے

وَاُبَلِّغُكُمْ مَّاۤ اُرْسِلْتُ بِهٖ وَلٰكِنِّيْۤ اَرٰىكُمْ قَوْمًا تَجْهَلُوْنَ ﴿۲۳﴾

وَ اُ بَلْ لِ غُ کُمْ مَا.. اُ رْ سِلْ تُ بِ ہِ وَلَا کِ نِّ یْ.. اَ رَا کُمْ قَا وْ مَنْ تَجْ ہَ لُوْ نَ

اور میں پہنچا رہا ہوں تم کو وہ پیغام جو بھیجا گیا ہے مجھے دے کر لیکن میں دیکھتا ہوں تمہیں کہ تم لوگ جہالت برت رہے ہو ﴿۲۳﴾

فَلَمَّا رَاَوْهُ عَارِضًا مُّسْتَقْبِلَ اَوْدِيَتِهِمْ ۙ قَالُوْا هٰذَا عَارِضٌ

فَلَمَّا رَاَوْهُ عَارِضًا مُّسْتَقْبِلَ اَوْدِيَتِهِمْ قَالُوْا هٰذَا عَارِضٌ

پھر جب دیکھا انہوں نے اس (عذاب) کو بادل کی شکل میں آتے ہوئے اپنی وادیوں کی طرف تو کہنے لگے: یہ تو بادل ہے جو

مُّمْطِرُنَا ؕ بَلْ هُوَ مَا اسْتَعْجَلْتُمْ بِهٖ ؕ رِيْحٌ فِيْهَا

مُمْطِرُنَا بَلْ هُوَ مَا اسْتَعْجَلْتُمْ بِهٖ رِيْحٌ فِيْهَا

ہمیں سیراب کردے گا۔ نہیں بلکہ یہ وہ چیز ہے کہ جلدی مچا رہے تھے تم جس کی۔ یہ ہوا کا طوفان ہے جس میں ہے

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۲۴﴾ تُدَمِّرُ كُلَّ شَيْءٍۭ بِاَمْرِ رَبِّهَا فَاَصْبَحُوْا لَا يُرٰٓى اِلَّا

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۲۴﴾ تُدَمِّرُ كُلَّ شَيْءٍۭ بِاَمْرِ رَبِّهَا فَاَصْبَحُوْا لَا يُرٰٓى اِلَّا

دردناک عذاب ﴿۲۴﴾ تباہ کر ڈالے گا یہ ہر چیز کو اپنے رب کے حکم سے آخر کار وہ ہو گئے ایسے کہ نہ نظر آتی تھیں مگر

مَسٰكِنُهُمْ ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِي الْقَوْمَ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۲۵﴾ وَلَقَدْ مَكَّنّٰهُمْ

مَسٰكِنُهُمْ ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِي الْقَوْمَ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۲۵﴾ وَلَقَدْ مَكَّنّٰهُمْ

ان کے رہنے کی جگہیں۔ اسی طرح ہم سزا دیتے ہیں مجرم لوگوں کو ﴿۲۵﴾ اور یقیناً ہم نے دیا تھا ان کو قدرت و اختیار

فِيْمَآ اِنْ مَّكَّنّٰكُمْ فِيْهِ وَجَعَلْنَا لَهُمْ سَمْعًا وَّاَبْصَارًا وَّاَفْـِٕدَةً ۖ

فِيْمَآ اِنْ مَّكَّنّٰكُمْ فِيْهِ وَجَعَلْنَا لَهُمْ سَمْعًا وَّاَبْصَارًا وَّاَفْـِٕدَةً ۖ

ان چیزوں پر کہ نہیں دیا ہے ہم نے تم کو قدرت و اختیار ان میں اور دیے تھے ہم نے انہیں کان اور آنکھیں اور مرکزِ حواس (دل و دماغ)۔

فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ سَمْعُهُمْ وَلَآ اَبْصَارُهُمْ وَلَآ اَفْـِٕدَتُهُمْ مِّنْ شَيْءٍ اِذْ

فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ سَمْعُهُمْ وَلَآ اَبْصَارُهُمْ وَلَآ اَفْـِٕدَتُهُمْ مِّنْ شَيْءٍ اِذْ

لیکن کسی کام نہ آئے ان کے کان اور نہ ان کی آنکھیں اور نہ ان کے دل و دماغ ذرا بھی اس وجہ سے کہ

كَانُوْا يَجْحَدُوْنَ ۙ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۲۶﴾ ع وَلَقَدْ ۲/۱۰

كَانُوْا يَجْحَدُوْنَ ۙ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۲۶﴾ وَلَقَدْ

وہ انکار کرتے تھے اللہ کی آیات کا اور آگھیرا ان کو اس چیز نے جس کا وہ مذاق اڑایا کرتے تھے ﴿۲۶﴾ اور بے شک

اَهْلَكْنَا مَا حَوْلَكُمْ مِّنَ الْقُرٰى وَصَرَّفْنَا الْاٰيٰتِ لَعَلَّهُمْ

اَهْلَكْنَا مَا حَوْلَكُمْ مِّنَ الْقُرٰى وَصَرَّفْنَا الْاٰيٰتِ لَعَلَّهُمْ

ہم ہلاک کر چکے ہیں ان کو جو تمہارے اردگرد ہیں کئی بستیاں اور بار بار طرح طرح سے بھیج کر اپنی آیات (ان کو سمجھایا) شاید کہ وہ

يَرْجِعُوْنَ ﴿۲۷﴾ فَلَوْلَا نَصَرَهُمُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ قُرْبَانًا اٰلِهَةً ؕ

يرجعون فلولا نصرهم الذين اتخذوا من دون الله قربانا الهة

بازآجائیں ﴿۲۷﴾ پھر کیوں نہ مدد کی ان کی انہوں نے جن کو بنا رکھا تھا ان لوگوں نے اللہ سے تقرب کا ذریعہ، معبود مان کر۔

بَلْ ضَلُّوْا عَنْهُمْ ۚ وَذٰلِكَ اِفْكُهُمْ وَمَا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۲۸﴾

بل ضلوا عنهم وذلك افكهم وما كانوا يفترون

واقعہ یہ ہے کہ وہ کھوئے گئے ان سے۔ اور یہ تھا (انجام) ان کے جھوٹ کا اور ان معبودوں کا جو انہوں نے گھڑ رکھے تھے ﴿۲۸﴾

وَاِذْ صَرَفْنَآ اِلَيْكَ نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ يَسْتَمِعُوْنَ الْقُرْاٰنَ ۚ فَلَمَّا

واذ صرفنا.. اليك نفرا من الجن يستمعون القرآن فلما

اور وہ واقعہ جب متوجہ کیا تھا ہم نے تمہاری طرف جنوں کے ایک گروہ کو تاکہ وہ سنیں قرآن۔ پھر جب

حَضَرُوْهُ قَالُوْٓا اَنْصِتُوْا ۚ فَلَمَّا قُضِيَ وَلَّوْا

حضروه قالوا.. انصتوا فلما قضي ولوا

وہ حاضر ہوئے تھے اس جگہ (جہاں ہم قرآن پڑھ رہے تھے) تو انہوں نے کہا (ایک دوسرے سے) خاموش ہو جاؤ۔ پھر جب تلاوت ختم ہو گئی تو پلٹے وہ

اِلٰى قَوْمِهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ﴿۲۹﴾ قَالُوْا يٰقَوْمَنَآ اِنَّا سَمِعْنَا كِتٰبًا

الى قومهم منذرين قالوا يقومنا.. انا سمعنا كتابا

اپنی قوم کی طرف خبردار کرنے کے لیے ﴿۲۹﴾ انہوں نے کہا اے ہماری قوم کے لوگو! صورتِ حال یہ ہے کہ ہم نے سنی ہے ایک کتاب

اُنْزِلَ مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ يَهْدِيْٓ

انزل من بعد موسى مصدقا لما بين يديه يهدي..

جو نازل کی گئی ہے موسیٰؑ کے بعد جو تصدیق کرنے والی ہے ان کتابوں کی جو اس سے پہلے آچکی ہیں اور جو رہنمائی کرتی ہے

اِلَى الْحَقِّ وَاِلٰى طَرِيْقٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۳۰﴾ يٰقَوْمَنَآ اَجِيْبُوْا دَاعِيَ اللّٰهِ

الى الحق والى طريق مستقيم يقومنا.. اجيبوا داعي الله

حق کی طرف اور راہِ راست کی طرف ﴿۳۰﴾ اے ہماری قوم کے لوگو! قبول کرلو دعوت اللہ کی طرف بلانے والے کی

وَاٰمِنُوْا بِهٖ يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَيُجِرْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۳۱﴾ وَمَنْ

وامنوا به يغفر لكم من ذنوبكم ويجركم من عذاب اليم ومن

اور لے آؤ ایمان اس پر معاف فرما دے گا اللہ تمہارے گناہ اور بچا لے گا تم کو دردناک عذاب سے ﴿۳۱﴾ اور جو

لَّا يُجِبْ دَاعِيَ اللّٰهِ فَلَيْسَ بِمُعْجِزٍ فِي الْاَرْضِ وَلَيْسَ

لَائِی جِب دَارِ عَیل لَاہِ فَ لَائِی سَ بِ مُع رِ جِ زِن فِل اَرْضِ وَلَائِی سَ

نہیں قبول کرے گا دعوت اللہ کی طرف بلانے والے کی تو وہ (اللہ کو) عاجز نہیں کر سکے گا زمین میں اور نہ ہوں گے

لَهٗ مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءُ ۭ اُولٰۗىِٕكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝۳۲ اَوَلَمْ يَرَوْا

لَ ہُو مِن دُو رِن ہِی .. آؤ لِ یَا ... ءُ اُلَا ... ءِ کَ فِی ضَ لَا لِم مُ بِی ن اَوَ لَم یَ رَاوْ

اس کے لیے اللہ کے سوا کوئی حامی و سرپرست، ایسے لوگ پڑے ہوئے ہیں کھلی گمراہی میں ۳۲ کیا نہیں غور کیا انہوں نے

اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَمْ يَعْيَ بِخَلْقِهِنَّ

اَن نَل لَاہَ لَ ذِی خَ لَ قَ سَ مَا وَاتِ وَل اَرْ ضَ وَ لَم یَ عْ یَ بِ خَ لْ قِ ہِن ن

کہ وہ اللہ ہی ہے جس نے پیدا فرمائے ہیں آسمان اور زمین اور جو نہیں تھکا ان کے پیدا فرمانے سے،

بِقٰدِرٍ عَلٰٓي اَنْ يُّحْيِۦَ الْمَوْتٰى ۭ بَلٰٓى اِنَّهٗ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۳۳

بِ قَا دِ رِن عَ لَا ... آ ئِیں یُ حْ یِ یَل مَا وْ تَا بَ لَا ... اِن نَ ہُو عَ لَا کُل لِ شَا ئِ ءِن قَ دِی ر

وہ ضرور قادر ہے اس بات پر کہ زندہ کرے مردوں کو۔ کیوں نہیں یقیناً وہ ہر چیز پر پوری قدرت رکھتا ہے ۳۳

وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَلَي النَّارِ ۭ اَلَيْسَ هٰذَا بِالْحَقِّ ۭ

وَ یَا وْ مَ یُ عْ رَ ضُل لَ ذِی نَ کَ فَ رُو عَ لَن نَار اَلَا ئِی سَ ہَا ذَا بِل حَ قِّ

اور جس دن پیش کیے جائیں گے یہ کافر لوگ آگ پر (اور پوچھا جائے گا) کیا نہیں ہے یہ حقیقت۔

قَالُوْا بَلٰى وَرَبِّنَا ۭ قَالَ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ

قَا لُو بَ لَا وَ رَ بِّ نَا قَالَ فَ ذُ وْ قُل عَ ذَا بَ

وہ کہیں گے ہاں! قسم ہمارے رب کی (یہ حقیقت ہے)۔ کہا جائے گا سو چکھو اب مزا عذاب کا

بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ۝۳۴ فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ اُولُوا الْعَزْمِ

بِ مَا کُن تُم تَک فُ رُون فَص بِر کَ مَا صَ بَ رَ اُلُل عَز م

اس انکار کے نتیجہ میں جو تم کرتے رہے ۳۴ پس (اے نبیؐ) صبر کرو جس طرح صبر کرتے رہے ہیں بڑی ہمت و حوصلہ والے

مِنَ الرُّسُلِ وَلَا تَسْتَعْجِلْ لَّهُمْ ۭ كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ

مِ نَر رُسُ لِ وَلَا تَس تَع جِل لَ ہُم کَ اَن نَ ہُم یَا وْ مَ یَ رَ وْ نَ

رسول اور نہ جلدی کرو اُن کے معاملہ میں۔ انہیں یوں معلوم ہوگا اس دن جب وہ دیکھیں گے عذاب،

مَا يُوْعَدُوْنَ ۙ لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ ؕ بَلٰغٌ ۚ

مَا	يُوْعَدُوْنَ	لَمْ يَلْبَثُوْٓا	اِلَّا	سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ	بَلٰغٌ
مَا	يُوعَدُونَ	لَم يَلبَثُوٓا	اِلَّا	سَاعَةً مِّن نَّهَارٍ	بَلَاغٌ

جس سے انہیں ڈرایا جارہا ہے کہ نہیں رہے تھے یہ (دُنیا میں) مگر دن کی ایک گھڑی۔ بات پہنچادی گئی۔

فَهَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۳۵﴾ ع

فَهَل يُهْلَكُ	اِلَّا	الْقَوْمُ	الْفٰسِقُوْنَ
فَهَل يُهلَكُ	اِلَّا	القَومُ	الفٰسِقُونَ

سو نہیں ہلاک ہوں گے مگر وہ لوگ جو نافرمان اور بدکار ہیں ﴿۳۵﴾

سُوْرَةُ مُحَمَّدٍ مَّدَنِيَّةٌ (۹۵) (۴۷)

اٰیاتُھا ۳۸ — رُکُوْعاتُھا ۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بِسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
بِسمِ	اللّٰهِ	الرَّحمٰنِ	الرَّحِيمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے

اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ ﴿۱﴾ وَالَّذِيْنَ

اَلَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	وَصَدُّوْا	عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	اَضَلَّ	اَعْمَالَهُمْ	وَالَّذِيْنَ
اَلَّذِينَ	كَفَرُوا	وَصَدُّوا	عَن سَبِيلِ اللّٰهِ	اَضَلَّ	اَعمَالَهُم	وَالَّذِينَ

جن لوگوں نے کفر کیا اور روکا اللہ کی راہ سے، رائیگاں کردیا اللہ نے ان کے اعمال کو ﴿۱﴾ اور وہ لوگ جو

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاٰمَنُوْا بِمَا نُزِّلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّهُوَ الْحَقُّ

اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	وَاٰمَنُوْا	بِمَا	نُزِّلَ	عَلٰى مُحَمَّدٍ	وَّهُوَ	الْحَقُّ
اٰمَنُوا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحَاتِ	وَاٰمَنُوا	بِمَا	نُزِّلَ	عَلٰى مُحَمَّدٍ	وَّهُوَ	الحَقُّ

ایمان لائے اور کیے انہوں نے نیک اعمال اور ایمان لے آئے اس پر جو نازل ہوا ہے محمدؐ پر اور ہے وہ سراسر حق

مِنْ رَّبِّهِمْ ۙ كَفَّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَاَصْلَحَ بَالَهُمْ ﴿۲﴾

مِنْ رَّبِّهِمْ	كَفَّرَ	عَنْهُمْ	سَيِّاٰتِهِمْ	وَاَصْلَحَ	بَالَهُمْ
مِن رَّبِّهِم	كَفَّرَ	عَنْهُم	سَيِّاٰتِهِم	وَاَصْلَحَ	بَالَهُم

ان کے رب کی طرف سے۔ دور کردیں اللہ نے ان سے ان کی برائیاں اور درست کردیے ان کے احوال ﴿۲﴾

ذٰلِكَ بِاَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوا اتَّبَعُوا الْبَاطِلَ وَاَنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا

ذٰلِكَ	بِاَنَّ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوا	اتَّبَعُوا	الْبَاطِلَ	وَاَنَّ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوا
ذَالِكَ	بِاَنَّ	الَّذِينَ	كَفَرُوا	اتَّبَعُوا	البَاطِلَ	وَاَنَّ	الَّذِينَ	اٰمَنُوا

یہ اس لیے ہے کہ وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا، پیروی کی ہے انہوں نے باطل کی اور وہ لوگ جو ایمان لائے

اتَّبَعُوا الْحَقَّ مِنْ رَّبِّهِمْ ؕ كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ

ت ب ع ل | ح ق ق | م ر ر ب ب ہ م | ک ذ ا ل ک | ی ض ر ب ل | ا ل ل ہ | ل ن ن ا س

پیروی کی ہے انہوں نے اس حق کی جو ان کے رب کی طرف سے (آیا ہے) اس طرح بتائے دیتا ہے اللہ انسانوں کو

اَمْثَالَهُمْ ﴿۳﴾ فَاِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَضَرْبَ الرِّقَابِ ؕ

آ م ث ا ل ہ م | ف ا ذ ا | ل ق ی ت م ل | ل ذ ی ن | ک ف ر و | ف ض ر ب ر ر ق ا ب

ان کی ٹھیک ٹھیک حیثیت ﴿۳﴾ پھر جب مقابلہ ہو تمہارا ان لوگوں سے جو کافر ہیں تو ان کی گردنیں اڑاؤ۔

حَتّٰٓى اِذَآ اَثْخَنْتُمُوْهُمْ فَشُدُّوا الْوَثَاقَ ۙ فَاِمَّا مَنًّا بَعْدُ وَاِمَّا فِدَآءً

ح ت ا.. ا ذ ا.. | ا ث خ ن ت م و ہ م | ف ش د د ل و ث ا ق | ف ا م ا م ن ا ب ع د | و ا م ا ف د ا.. ء ن

یہاں تک کہ جب کچل دو تم انہیں تو مضبوط باندھو (قیدیوں کو) پھر اس کے بعد یا تو بطورِ احسان یا فدیہ لے کر (چھوڑ دو)

حَتّٰى تَضَعَ الْحَرْبُ اَوْزَارَهَا ۚ ذٰلِكَ ۛ وَلَوْ يَشَآءُ اللّٰهُ لَانْتَصَرَ مِنْهُمْ وَلٰكِنْ

ح ت ا | ت ض ع ل ح ر ب ا و ز ا ر ہ ا | ذ ا ل ک | و ل ا و | ی ش ا.. ء | ل ل ہ | ل ن ت ص ر | م ن ہ م | و ل ا ک ن

یہاں تک کہ جنگ ختم ہو جائے۔ یہ ہے صحیح طریقہ اور اگر چاہتا اللہ تو خود ہی نبٹ لیتا ان سے لیکن

لِّيَبْلُوَا۟ بَعْضَكُمْ بِبَعْضٍ ؕ وَالَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

ل ی ب ل و ا | ب ع ض ک م | ب ب ع ض | و ل ل ذ ی ن | ق ت ل و ا | ف ی س ب ی ل ل ل ہ

(اس نے چاہا) کہ آزمائے تم کو ایک دوسرے کے ذریعہ سے۔ اور وہ لوگ جو قتل کیے گئے اللہ کی راہ میں

فَلَنْ يُّضِلَّ اَعْمَالَهُمْ ﴿۴﴾ سَيَهْدِيْهِمْ وَيُصْلِحُ

ف ل ن ی ض ل ل | ا ع م ا ل ہ م | س ی ہ د ی ہ م | و ی ص ل ح

سو ہرگز نہیں ضائع کرے گا اللہ ان کے اعمال ﴿۴﴾ وہ ضرور انہیں دکھائے گا سیدھی راہ اور درست کر دے گا

بَالَهُمْ ﴿۵﴾ وَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ عَرَّفَهَا لَهُمْ ﴿۶﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

ب ا ل ہ م | و ی د خ ل ہ م ل ہ ل ج ن ن ہ | ع ر ف ہ ا | ل ہ م | ی ا.. ا ی ی ہ ا ل ل ذ ی ن

ان کے احوال ﴿۵﴾ اور داخل کرے گا انہیں اس جنت میں جس سے وہ واقف کرا چکا ہے انہیں ﴿۶﴾ اے وہ لوگو جو

اٰمَنُوْٓا اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰهَ يَنْصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ اَقْدَامَكُمْ ﴿۷﴾

آ م ن و.. | ا ن | ت ن ص ر و | ل ل ہ | ی ن ص ر ک م | و ی ث ب ت | ا ق د ا م ک م

ایمان لائے ہو اگر مدد کرو گے تم اللہ کی تو وہ بھی تمہاری مدد کرے گا اور جما دے گا مضبوطی سے تمہارے قدم ﴿۷﴾

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَتَعْسًا لَّهُمْ وَاَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ ۝٨ ذٰلِكَ

وَل لَ ذِی نَ ک فَ رُو ف تَع سًل ل ہُم وَ اَضَل لَ اَع مَال ہُم ذَا لِ ک

اور وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا۔ سو ہلاکت ہے ان کے لیے اور ضائع کر دیا ہے اللہ نے ان کے اعمال کو ۝٨ یہ اس لیے ہے کہ

بِاَنَّهُمْ كَرِهُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ ۝٩ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا

بِ اَن نَ ہُم ک رِ ہُو مَا.. اَن زَ لَل لّٰہُ ف اَح بَ طَ اَع مَال ہُم اَف لَم یَ سِی رُو

انہوں نے ناپسند کیا اس کو جسے نازل فرمایا ہے اللہ نے ، لہٰذا غارت کر دیے اللہ نے ان کے اعمال ۝٩ کیا نہیں چلے پھرے ہیں یہ

فِى الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ دَمَّرَ

فِل اَر ضِ ف یَن ظُرُو ک یَ فَ ک اَن عَا قِ بَ تُل لَ ذِی نَ مِن قَب لِ ہِم دَم مَ رَ

زمین میں تاکہ دیکھتے کیا ہوا انجام ان لوگوں کا جو ان سے پہلے گزر چکے ہیں؟ تباہ و برباد کر دیا

اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ۫ وَلِلْكٰفِرِيْنَ اَمْثَالُهَا ۝١٠ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ مَوْلَى الَّذِيْنَ

لّٰہُ عَ لَی ہِم وَ لِل کَا فِ رِی نَ اَم ثَا لُ ہَا ذَا لِ ک بِ اَن نَّل لّٰہَ مَا وَل لَ ذِی نَ

اللہ نے انہیں۔ اور کافروں کے لیے ہیں ایسے ہی نتائج ۝١٠ یہ اس لیے کہ یقیناً اللہ حامی و ناصر ہے ان لوگوں کا جو

اٰمَنُوْا وَاَنَّ الْكٰفِرِيْنَ لَا مَوْلٰى لَهُمْ ۝١١ اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ ع ۵

آ مَ نُو وَ اَن نَل کَا فِ رِی نَ لَا مَا وَ لَا ل ہُم اِن نَل لّٰہَ یُد خِ لُ ل لَ ذِی نَ

ایمان لائے اور حقیقت یہ ہے کہ کافر، نہیں ہے کوئی حامی و ناصر ان کا ۝١١ بلاشبہ اللہ داخل کرے گا ان لوگوں کو جو

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ وَالَّذِيْنَ

آ مَ نُو وَ عَ مِ لُص صَا لِ حَاتِ جَن نَا تِن تَج رِی مِن تَح تِ ہَل اَن ہَا ر وَل لَ ذِی نَ

ایمان لائے اور کیے انہوں نے نیک اعمال ایسی جنتوں میں کہ بہہ رہی ہوں گی ان کے نیچے نہریں۔ اور وہ لوگ جو

كَفَرُوْا يَتَمَتَّعُوْنَ وَيَاْكُلُوْنَ كَمَا تَاْكُلُ الْاَنْعَامُ وَالنَّارُ مَثْوًى

کَ فَ رُو یَ تَ مَت تَ عُونَ وَ یَ ×ک کُ لُونَ کَ مَا تَ ×ک کُ لُل اَن عَا مُ وُن نَا رُ مَث وً

کافر ہیں مزے لوٹ رہے ہیں اور کھا پی رہے ہیں (چند روزہ زندگی میں) جیسے کھاتے ہیں جانور اور جہنم آخری ٹھکانا

لَّهُمْ ۝١٢ وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ هِىَ اَشَدُّ قُوَّةً مِّنْ قَرْيَتِكَ الَّتِىْٓ اَخْرَجَتْكَ ۚ

ل لَ ہُم وَ کَ آ یِّن مِن قَر یَ تِن ہِ یَ اَ شَدُّ قُو وَ تَن مِن قَر یَ تِ ک ل لَ تِ.. اَخ رَ جَت ک

ہے ان کا ۝١٢ اور کتنی ہی بستیاں ــــ جو بہت زیادہ زور آور تھیں تمہاری اس بستی سے جس نے تمہیں نکالا ہے ــــ

اَهْلَكْنٰهُمْ فَلَا نَاصِرَ لَهُمْ ﴿۱۳﴾ اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ

آہ لک ناہم ف لا ناصِ رل ہم آف مَن گان ع لا با ئی ری ن رم مِر رب بِہ ہی

ہلاک کر دیا ہم نے ان کو سو نہ ہوا کوئی مدد گار ان کا ﴿۱۳﴾ سو بھلا وہ شخص جو ہو صاف اور صریح ہدایت پر اپنے رب کی،

كَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ وَاتَّبَعُوْٓا

ک مَن زُو ئی ری ن ل ہُو سُو ءُ ع مَ ل ہی وَت تَ ب عُو

ان کی طرح ہو سکتا ہے جن کے لیے خوشنما بنا دیے گئے ہوں ان کے برے عمل اور پیرو بن گئے ہوں وہ

اَهْوَآءَهُمْ ﴿۱۴﴾ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ؕ فِيْهَآ

آہ وَا ءَ ہم مَ ثَ لُل جَن نَ تِل لَ تی وُ ع دَ ل مُت تَ قُون فی ہا

اپنی خواہشات کے ؟ ﴿۱۴﴾ احوال اس جنت کا جس کا وعدہ کیا گیا ہے متقیوں سے (یہ ہے کہ) ہوں گی اس میں

اَنْهٰرٌ مِّنْ مَّآءٍ غَيْرِ اٰسِنٍ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ لَّبَنٍ لَّمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهٗ ۚ وَ اَنْهٰرٌ

آن ہارُ م مِ مَ ما ءِ ن غَ ری رِ آ سِن وَ آن ہارُ م مِل لَ ب بِن لَم یَ تَ غَ یَّ ر طَ عمُ ہُ وَ آن ہارُ

نہریں صاف ستھرے پانی کی اور نہریں دودھ کی کہ نہ فرق آیا ہو گا اس کے ذائقے میں اور نہریں

مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى ؕ وَلَهُمْ فِيْهَا

م مِن خَم رِ ل لَذ ذَ تِل لِش شَا رِ بی ن وَ آن ہارُ م مِن ع سَ لِم مُ صَف فا وَل ہم فی ہا

شراب کی جو لذیذ ہوں گی پینے والوں کے لیے۔ اور نہریں صاف شفاف شہد کی۔ اور ان کے لیے جنت میں ہوں گے

مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ وَمَغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ ؕ كَمَنْ هُوَ خَالِدٌ

مِن کُل لِث ثَ مَ رَا تِ وَ مَغ فِ رَ تُم مِر رَب بِ ہِم ک مَن ہُ وَ خَا لِ دُن

ہر طرح کے پھل اور بخشش ہو گی ان کے رب کی طرف سے۔ (کیا یہ لوگ) ان کی مانند ہو سکتے ہیں جو ہمیشہ رہیں گے

فِي النَّارِ وَسُقُوْا مَآءً حَمِيْمًا فَقَطَّعَ اَمْعَآءَهُمْ ﴿۱۵﴾ وَمِنْهُمْ

فِن نَا رِ وَ سُ قُو مَا ءَ ن حَ مِی مَن فَ قَط طَ عَ آ م عَا ءَ ہُم وَ مِن ہُم

جہنم میں اور پلایا جائے گا انہیں کھولتا ہوا پانی جو ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالے گا ان کی آنتوں کو ﴿۱۵﴾ اور (اے نبی) ان میں سے کچھ لوگ

مَّنْ يَّسْتَمِعُ اِلَيْكَ ۚ حَتّٰٓى اِذَا خَرَجُوْا مِنْ عِنْدِكَ قَالُوْا

مَا نیں یَس تَ مِ عُ اِلَ لَی ک حَت تا اِذَا خَ رَ جُو مِن عِن دِ ک قَا لُو

ایسے ہیں جو کان لگا کر سنتے ہیں تمہاری باتیں، یہاں تک کہ جب نکل کر جاتے ہیں تمہارے پاس سے تو پوچھتے ہیں

لِلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مَاذَا قَالَ انِفًا ؕ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ

لِلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مَاذَا قَالَ آنِفًا اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ

ان لوگوں سے جنہیں دیا گیا ہے علم کہ کیا کہا تھا رسولؐ نے ابھی ابھی؟ یہ وہ لوگ ہیں کہ مہر کر دی ہے اللہ نے

عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَاتَّبَعُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ ﴿۱۶﴾ وَالَّذِيْنَ اهْتَدَوْا زَادَهُمْ

عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَاتَّبَعُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ ﴿۱۶﴾ وَالَّذِيْنَ اهْتَدَوْا زَادَهُمْ

ان کے دلوں پر اور پیروی کی ہوئی ہیں اپنی خواہشات کے ﴿۱۶﴾ اور وہ لوگ جنہوں نے ہدایت پائی، مزید عطا کرتا ہے اللہ ان کو

هُدًى وَّاٰتٰىهُمْ تَقْوٰىهُمْ ﴿۱۷﴾ فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ

هُدًى وَّاٰتٰىهُمْ تَقْوٰىهُمْ ﴿۱۷﴾ فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ

ہدایت اور عطا فرماتا ہے انہیں ان کے حصہ کا تقویٰ ﴿۱۷﴾ سو نہیں انتظار کر رہے یہ (منکرین) مگر قیامت کی گھڑی کا

اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً ۚ فَقَدْ جَآءَ اَشْرَاطُهَا ۚ فَاَنّٰى لَهُمْ اِذَا

اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً ۚ فَقَدْ جَآءَ اَشْرَاطُهَا ۚ فَاَنّٰى لَهُمْ اِذَا

کہ آجائے وہ ان پر اچانک سو یقیناً آچکی ہیں اس کی علامات۔ پھر کونسا موقع ہوگا ان کے لیے ــــ جب

جَآءَتْهُمْ ذِكْرٰىهُمْ ﴿۱۸﴾ فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

جَآءَتْهُمْ ذِكْرٰىهُمْ ﴿۱۸﴾ فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

آ ہی جائے گی ان پر وہ گھڑی ــــ نصیحت قبول کرنے کا ﴿۱۸﴾ پس (اے نبیؐ) خوب جان لو کہ نہیں ہے کوئی معبود سوائے اللہ کے

وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مُتَقَلَّبَكُمْ

وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مُتَقَلَّبَكُمْ

اور معافی مانگو اپنے قصور کی اور (معافی مانگو) مومن مردوں کے لیے اور مومن عورتوں کے لیے۔ اور اللہ واقف ہے تمہاری سرگرمیوں سے بھی

وَمَثْوٰىكُمْ ﴿۱۹﴾ ع وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَوْلَا نُزِّلَتْ سُوْرَةٌ ۚ

وَمَثْوٰىكُمْ ﴿۱۹﴾ ع وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَوْلَا نُزِّلَتْ سُوْرَةٌ ۚ

اور تمہارے ٹھکانے سے بھی ﴿۱۹﴾ اور کہتے تھے وہ لوگ جو ایمان لائے کیوں نہیں نازل کی جاتی کوئی سورت (جس میں جنگ کا حکم ہو)

فَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ مُّحْكَمَةٌ وَّذُكِرَ فِيْهَا الْقِتَالُ ۙ رَاَيْتَ الَّذِيْنَ

فَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ مُّحْكَمَةٌ وَّذُكِرَ فِيْهَا الْقِتَالُ ۙ رَاَيْتَ الَّذِيْنَ

مگر جب نازل کی گئی ایک سورت، واضح احکام والی اور ذکر کیا گیا اس میں جنگ کا تو دیکھا تم نے ان لوگوں کو

فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ يَّنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ نَظَرَ الْمَغْشِيِّ عَلَيْهِ

فی قلوبہم مرض ینظرون الیک نظر المغشی علیہ

جن کے دلوں میں بیماری تھی کہ وہ دیکھتے ہیں تمہاری طرف ایسے جیسے دیکھتا ہے وہ شخص جس پر بے ہوشی طاری ہو گئی ہو

مِنَ الْمَوْتِ ۭ فَاَوْلٰى لَهُمْ ﴿۲۰﴾ طَاعَةٌ وَّقَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ ۭ فَاِذَا

من الموت فاولی لہم طاعۃ وقول معروف فاذا

موت کی۔ سو افسوس ہے ان کے حال پر ﴿۲۰﴾ (زبان پر تو ان کے ہے) اطاعت کا اقرار اور اچھی اچھی باتیں۔ لیکن جب

عَزَمَ الْاَمْرُ ۭ فَلَوْ صَدَقُوا اللّٰهَ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ﴿۲۱﴾

عزم الامر فلو صدقوا اللہ لکان خیرا لہم

(جنگ کا) قطعی حکم دے دیا گیا، تو اس وقت اگر سچے نکلتے یہ اللہ سے (کیے ہوئے اپنے عہد میں) تو ہوتا یہ بہتر ان کے لیے ﴿۲۱﴾

فَهَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ تَوَلَّيْتُمْ اَنْ تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ

فھل عسیتم ان تولیتم ان تفسدوا فی الارض

تو اے منافقو! تم سے اس کے سوا اور کیا توقع کی جا سکتی ہے کہ اگر تم الٹے منہ پھر گئے تو فساد مچاؤ گے زمین میں

وَتُقَطِّعُوْٓا اَرْحَامَكُمْ ﴿۲۲﴾ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ

وتقطعوا ارحامکم اولئک الذین لعنہم اللہ

اور آپس میں قطع رحمی کرو گے؟ ﴿۲۲﴾ یہی ہیں وہ لوگ کہ دور کر دیا ہے انہیں اپنی رحمت سے اللہ نے

فَاَصَمَّهُمْ وَاَعْمٰٓى اَبْصَارَهُمْ ﴿۲۳﴾ اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ اَمْ عَلٰي قُلُوْبٍ

فاصمہم واعمی ابصارہم افلا یتدبرون القرآن ام علی قلوب

اور بہرا کر دیا ہے انہیں اور اندھی کر دی ہیں ان کی آنکھیں ﴿۲۳﴾ سو کیا نہیں غور کرتے یہ قرآن پر کیا ان کے دلوں پر

اَقْفَالُهَا ﴿۲۴﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ ارْتَدُّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ

اقفالہا ان الذین ارتدوا علی ادبارہم من بعد ما تبین

قفل چڑھے ہوئے ہیں؟ ﴿۲۴﴾ بلاشبہ وہ لوگ جو الٹے پھر گئے ہیں اس کے بعد کہ کھل کر آ گئی تھی

لَهُمُ الْهُدَى ۙ الشَّيْطٰنُ سَوَّلَ لَهُمْ ۭ وَاَمْلٰى

لہم الہدی الشیطان سول لہم واملی

ان کے سامنے ہدایت، شیطان نے آسان بنا دیا ہے ان کے لیے (یہ کام)۔ اور دراز کر رکھا ہے جھوٹی توقعات کا سلسلہ

لَهُمْ ﴿۲۵﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لِلَّذِيْنَ كَرِهُوْا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ

لَہُم ذَالِکَ بِاَنَّہُم قَالُو لِلَّذِیْنَ کَرِہُو مَا نَزَّلَ لَاہُ

ان کے لیے ﴿۲۵﴾ یہ اس لیے ہوا کہ انہوں نے کہا تھا ان لوگوں سے جو ناپسند کرتے تھے اس چیز کو جو نازل کی ہے اللہ نے

سَنُطِيْعُكُمْ فِيْ بَعْضِ الْاَمْرِ ۚ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِسْرَارَهُمْ ﴿۲۶﴾ فَكَيْفَ

سَنُطِیْعُکُم فِیْ بَعْضِ الْاَمْرِ وَاللّٰہُ یَعْلَمُ اِسْرَارَہُم فَکَیْفَ

کہ ہم ضرور مانیں گے تمہاری باتیں بعض معاملات میں۔ اور اللہ خوب جانتا ہے ان کی خفیہ باتیں ﴿۲۶﴾ پھر کیا حال ہوگا

اِذَا تَوَفَّتْهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ يَضْرِبُوْنَ وُجُوْهَهُمْ وَاَدْبَارَهُمْ ﴿۲۷﴾

اِذَا تَوَفَّتْہُمُ الْمَلٰٓئِکَۃُ یَضْرِبُوْنَ وُجُوْہَہُم وَاَدْبَارَہُم

اس وقت جب روحیں قبض کریں گے ان کی فرشتے، مارتے ہوئے ان کے چہروں پر اور ان کی پیٹھوں پر ﴿۲۷﴾

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اتَّبَعُوْا مَآ اَسْخَطَ اللّٰهَ وَكَرِهُوْا

ذَالِکَ بِاَنَّہُمُ اتَّبَعُوْا مَآ اَسْخَطَ اللّٰہَ وَکَرِہُوْا

یہ اس لیے ہوگا کہ انہوں نے پیروی کی ہے اس (طریقہ) کی جو ناراض کرنے والا ہے اللہ کو اور ناپسند کیا ہے انہوں نے

رِضْوَانَهٗ فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ ﴿۲۸﴾ اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ ع ۲

رِضْوَانَہٗ فَاَحْبَطَ اَعْمَالَہُم اَمْ حَسِبَ الَّذِیْنَ فِیْ قُلُوْبِہِم مَّرَضٌ

اس کی رضا کا راستہ۔ سو ضائع کر دیے اللہ نے ان کے سب اعمال ﴿۲۸﴾ کیا سمجھے بیٹھے ہیں وہ لوگ جن کے دلوں میں بیماری ہے

اَنْ لَّنْ يُّخْرِجَ اللّٰهُ اَضْغَانَهُمْ ﴿۲۹﴾ وَلَوْ نَشَآءُ لَاَرَيْنٰكَهُمْ فَلَعَرَفْتَهُمْ

اَنْ لَّنْ یُّخْرِجَ اللّٰہُ اَضْغَانَہُم وَلَوْ نَشَآءُ لَاَرَیْنٰکَہُمْ فَلَعَرَفْتَہُمْ

کہ نہیں ظاہر کرے گا اللہ ان کے دلوں کے کھوٹ؟ ﴿۲۹﴾ اور اگر ہم چاہیں تو ضرور دکھا دیں ہم تمہیں پھر پہچان لو تم ان کو

بِسِيْمٰهُمْ ۭ وَلَتَعْرِفَنَّهُمْ فِيْ لَحْنِ الْقَوْلِ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اَعْمَالَكُمْ ﴿۳۰﴾

بِسِیْمٰہُمْ وَلَتَعْرِفَنَّہُمْ فِیْ لَحْنِ الْقَوْلِ وَاللّٰہُ یَعْلَمُ اَعْمَالَکُم

ان کے چہروں سے اور ضرور جان لیتے ہو تم ان کو (ان کے) اندازِ گفتگو سے اور اللہ خوب جانتا ہے تم سب کے اعمال کو ﴿۳۰﴾

وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ حَتّٰى نَعْلَمَ الْمُجٰهِدِيْنَ مِنْكُمْ وَالصّٰبِرِيْنَ ۙ

وَلَنَبْلُوَنَّکُمْ حَتّٰی نَعْلَمَ الْمُجٰہِدِیْنَ مِنْکُمْ وَالصّٰبِرِیْنَ

اور ہم ضرور آزمائش میں ڈالیں گے تم کو تاکہ دیکھ لیں ہم ان کو جو جہاد کرنے والے ہیں تم میں سے اور ثابت قدم رہنے والے ہیں

وَنَبْلُوَا اَخْبَارَكُمْ ﴿۳۱﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَشَآقُّوا

وَنَبْلُوَا اَخْبَارَكُمْ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَشَآقُّوا

اور جانچ لیں تمہارے حالات کو ﴿۳۱﴾ یقیناً وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا اور روکا اللہ کی راہ سے اور مخالفت کی

الرَّسُوْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدٰى ۙ لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْـًٔا ؕ

الرَّسُوْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدٰى ۙ لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْـًٔا ؕ

رسول کی اس کے بعد بھی کہ واضح ہو چکی تھی ان کے لیے راہِ راست۔ ہرگز نہیں نقصان پہنچا سکیں گے وہ اللہ کو ذرا بھی۔

وَسَيُحْبِطُ اَعْمَالَهُمْ ﴿۳۲﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا

وَسَيُحْبِطُ اَعْمَالَهُمْ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا

اور اللہ غارت کر دے گا ان کے اعمال کو ﴿۳۲﴾ اے لوگو جو ایمان لائے ہو اطاعت کرو اللہ کی اور اطاعت کرو

الرَّسُوْلَ وَلَا تُبْطِلُوْۤا اَعْمَالَكُمْ ﴿۳۳﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

الرَّسُوْلَ وَلَا تُبْطِلُوْۤا اَعْمَالَكُمْ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

رسول کی اور مت برباد کرو اپنے اعمال ﴿۳۳﴾ یقیناً وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا اور روکا اللہ کی راہ سے

ثُمَّ مَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ﴿۳۴﴾ فَلَا تَهِنُوْا

ثُمَّ مَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ فَلَا تَهِنُوْا

پھر مر گئے اس حالت میں کہ وہ کافر تھے سو ہرگز نہیں معاف کرے گا اللہ انہیں ﴿۳۴﴾ لہٰذا نہ ہمت ہارو تم

وَتَدْعُوْۤا اِلَى السَّلْمِ ۖۚ وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ ۚ وَاللّٰهُ مَعَكُمْ وَلَنْ يَّتِرَكُمْ

وَتَدْعُوْۤا اِلَى السَّلْمِ ۖۚ وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ ۚ وَاللّٰهُ مَعَكُمْ وَلَنْ يَّتِرَكُمْ

اور (نہ) درخواست کرو صلح کی۔ اور تم ہی غالب رہنے والے ہو اور اللہ تمہارے ساتھ ہے اور ہرگز نہیں ضائع کرے گا وہ

اَعْمَالَكُمْ ﴿۳۵﴾ اِنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ؕ وَاِنْ تُؤْمِنُوْا

اَعْمَالَكُمْ اِنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ وَاِنْ تُؤْمِنُوْا

تمہارے اعمال کو ﴿۳۵﴾ بے شک یہ دنیاوی زندگی ہے محض کھیل اور تماشا۔ اور اگر تم مومن رہے

وَتَتَّقُوْا يُؤْتِكُمْ اُجُوْرَكُمْ وَلَا يَسْـَٔلْكُمْ اَمْوَالَكُمْ ﴿۳۶﴾ اِنْ

وَتَتَّقُوْا يُؤْتِكُمْ اُجُوْرَكُمْ وَلَا يَسْـَٔلْكُمْ اَمْوَالَكُمْ اِنْ

اور تقویٰ کی روش اختیار کی تم نے تو دے گا وہ تمہیں تمہارے اجر اور نہ مانگے گا تم سے تمہارے مال ﴿۳۶﴾ اور اگر کہیں

يَّسْـَٔلْكُمُوْهَا فَيُحْفِكُمْ تَبْخَلُوْا وَيُخْرِجْ

يَسْـَٔلْكُمُوْهَا فَيُحْفِكُمْ تَبْخَلُوْا وَيُخْرِجْ

مانگ لے تم سے تمہارے مال اور طلب کرلے تم سے سب کے سب تو تم بخل کرو گے اور ظاہر کر دے گا اللہ

اَضْغَانَكُمْ ﴿۳۷﴾ هٰٓاَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ تُدْعَوْنَ لِتُنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ

اَضْغَانَكُمْ هَآاَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ تُدْعَوْنَ لِتُنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

تمہارے دلوں کے کھوٹ ﴿۳۷﴾ دیکھو! یہ تم ہی ہو جنہیں دعوت دی جا رہی ہے کہ خرچ کرو اللہ کی راہ میں۔

فَمِنْكُمْ مَّنْ يَّبْخَلُ ۚ وَمَنْ يَّبْخَلْ فَاِنَّمَا يَبْخَلُ عَنْ نَّفْسِهٖ ؕ

